www.KitaboSunnat.com

وہ محتاجوں ، ناطے والوں ، غلام لونڈیوں کو آزاد کرانے ، اللہ کی راہ یعنی مجاہدین کی خدمت ، مسافروں اور مہمانوں میں صرف کی جائے اور جو کوئی اس زمین کا متولی ہو وہ اتنا کرسکتا ہے کہ دستور کے موافق اس کی آمدنی میں سے کھائے اور کھلائے مگر دولت نہ جوڑے۔

ابن عون کہتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث ابن سیرین سے بیان کی تو انہوں نے کہا کہ 'غیر متاثل مالا' کا معنی یہ ہے کہ اپنے لئے دولت اکٹھی نہ کرے۔ حضرت عمرؓ کے قصہ میں یہ ذکر ہے کہ وقف کرنے والا اگر وقف کو اپنی حفاظت میں رکھے تو تب بھی وقف درست ہے جبکہ مذکورہ بالا صورت اس طرح نہیں۔

سوال: آج کل جلسوں، کانفرنسوں میں نعرہ بازی اور مقرر کے لئے زندہ باد کے نعرے ، بالخصوص مسجد کے اندر ایسے نعروں کو بلند آواز سے لگانا کہاں تک درست ہے۔ کیا صحابہؓ کے دور میں اس کی کوئی مثال ملتی ہے؟

جواب: اسلام میں تقریروں اور خطبوں وغیرہ میں نعرہ بازی کا کوئی تصور نہیں، اس سے بہرصورت احتراز ضروری ہے۔

سوال: میرے دوست جیولری کا کام کرتے ہیں۔ ان کے پاس ایسا زیور بھی بکنے کے لئے آجاتا ہے جس پر اللہ تعالیٰ یا محمد ﷺ کا نام، آیت الکرسی اور دیگر قرآنی آیات لکھی ہوتی ہیں۔ کیا ہمارے لئے ان زیورات کو ڈھال کر کسی اور زیور کی شکل دینا جائز ہے؟ اگر جائز نہیں تو پہلے کی جانے والی ایسی کوتاہیوں کا کفارہ کیا ہوگا؟ (عبدالمجید، قصور)

جواب : جن زیورات پر قرآنی آیات لکھی ہوئی ہوں، ان کو ڈھالنے میں کوئی حرج نہیں۔ حضرت عثمان کے عہد میں جب قرآن کریم کے بعض نسخوں میں تحریف کا پتہ چلا تو انہیں ضائع کردیا گیا۔ (صحیح بخاری: باب جمع القرآن) اور اس عمل کے مرتکب پر کوئی کفارہ نہیں۔

سوال: اگر کوئی آدمی چار رکعات والی نماز میں امام کے ساتھ تشہد کے بعد آخری دو رکعات پائے تو اب کیا ان دو فوت شدہ رکعتوں میں سورہ فاتحہ کے ساتھ دوسری سورت پڑھے یا صرف سورۃ فاتحہ پڑھنا کافی ہے۔ (گل مان شاہ، نوشہرہ)

جواب: صحیح بخاری وغیرہ میں حدیث ہے'' جتنی نماز امام کے ساتھ مل جائے پڑھ لو اور جتنی فوت ہوجائے پوری کرلو'۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسبوق (مقتدی) امام کے سلام پھیرنے کے بعد جتنی نماز پڑھتا ہے، وہ اس کی باقی ماندہ نماز ہے اور جو امام کے ساتھ پڑھی ہے وہ اس کی پہلی نماز ہے کیونکہ اس حدیث میں فوت شدہ کی بابت 'مکمل کرنے' کا لفظ استعمال کیا گیا ہے جس کے معنی آخر سے پورا کرنے کے ہیں اور آخر سے پورا کرنا اسی صورت میں ہوسکتا ہے کہ جو نماز امام کی فراغت کے بعد پڑھے وہ

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ